هيئة دبي للتجهيزات
Dubai Supply Authority

DUSUP کی ویب سائیٹ:
https://www.dusup.ae


# ہائیڈروکاربن (گیس اور ایندھن) کی پائپ لائنز کے آس پاس کام کرنا



ہو سکتا ہے کہ قدرتی قیس یا پٹرولیم آئل لے جانے والی کافی زیادہ پریشر والی زیر زمین پائپ لائنز آپ کے کام کی جگہ یا اس کے قریب ہی ہوں۔ ان پائپ لائنز میں پریشر 960 PSI تک ہوتا ہے اور پائپ لائن کو نقصان پہنچنے سے آپ اور آپ کے ارد کے لوگ شدید طور پر متاثر ہو سکتے ہیں۔

کسی فریق ثالث کی طرف سے پائپ لائن کو نقصان پہنچنے کی سب سے بھاری قیمت جسمانی نقصان یا موت ہے








# DUSUP کا کام

DUSUP اپنے پائپ لائن کے نیٹ ورک کے ذریعے امارات دبئی کو توانائی (قدرتی گیس) فراہم کرتا ہے اور دبئی کے اندر DUSUP، ENOC گروپ، EMDAD، ڈولفن انرجی کی پائپ لائنز کے لیے این او سیز (DUSUP's) جاری کرتا ہے۔ کوئی اعتراض نامہ سرٹیفکیٹ (NOC) جمع کروانے کا عمل دبئی حکومت کے ای این او سی (e-NOC) سسٹم کے ذریعہ بنایا گیا ہے اور اس کا انتظام روڈس اینڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کرتے ہیں۔ https://noc.rta.ae/RTAeNOC

DUSUP کے این او سی کے سسٹم کے تحت آنے والی گیس اور ایندھن (ہائیڈروکاربن) کی پائپ لائنز دبئی میں مندرجہ ذیل کے لیے ایندھن مہیا کرتی ہیں:


1. بجلی اور پانی کی پیداوار
2. صنعتیں
3. ایئر پورٹ



**یاد رکھیں:** پائپ لائن کی سلامتی کا تعلق ہر ایک سے ہے

# DUSUP کا جاری کردہ
# این او سی

DUSUP کی طرف سے جاری کردہ نو آبجیکشن سرٹیفیکیٹ (این او سی) گیس اور ایندھن کی پائپ لائنز/عمارات کے قریب سرگرمیوں کی نگرانی کرنے اور انہیں کنٹرول کرنے کا ایک نظام ہے۔




این او سی کے بغیر پائپ لائن سے 60 میٹر کے اندر اور پائپ لائن کے کاریڈور کے اندر کام نہیں کیا جا سکتا۔

DEWA پاور سٹیشنز اور EGA (DUBAL) کی چار دیواری کے اندر - DUSUP کی پائپ لائنز کے 10 میٹر کے اندر اندر DUSUP کا جاری کردہ این او سی ضروری ہے۔

پائپ لائن کے موقع پر موجود نمائندے (DUSUP پائپ لائن ڈیپارٹمنٹ کے عملے کے افراد) کے بغیر پائپ لائن کے 10 میٹر کے اندر کوئی کام نہیں کیا جا سکتا۔

پائپ لائن کے پانچ 5 میٹر کے اندر اندر کھدائی صرف بیلچوں سے کی جا سکتی ہے۔ کَسی، بجلی سے چلنے والے کھدائی کے سامان یا مشینوں کی اجازت نہیں۔

# پائپ لائن کا گشت

DUSUP کی طرف سے پائپ لائن کے راستے پر دن میں دو مرتبہ گشت کیا جاتا ہے تاکہ بلا اجازت سرگرمیوں،دھنسنے، کٹاؤ یا ایسے دیگر مسائل کی نشان دہی کی جا سکے جن سے پائپ لائنز کے بحفاظت کام کرنے پر اثر پڑ سکتا ہو۔



# پائپ لائن کے نشانات

DUSUP کی پائپ لائن کے بارے میں خبردار کرنے والی نشانیاں اور نشان پائپ لائن کی اندازاً لیکن ضروری نہیں بالکل صحیح جگہ کی نشان دہی کرتے ہیں۔ کسی مسئلے کے بارے میں اطلاع دینے کے لیے پائپ لائن کے متعلق خبردار کرنے والے ان نشانیوں اور نشانات پر DUSUP سے فوری رابطے کے لیے فون نمبر (04 880 1867) دیا ہوا ہے۔
پائپ لائن کے متعلق خبردار کرنے والے نشانات پائپ لائن کے حفاظتی بند (بَرم) کے ساتھ ساتھ 250 میٹر کے فاصلے پر (مثلاً 26 کلومیٹر+ 250 ، 26 کلومیٹر + 500)
لگے ہوتے ہیں۔
پائپ لائن کی نشانیاں پائپ لائن کے حفاظتی بند پر پائپ لائن کے متعلق خبردار کرنے والے نشانات کے درمیان یعنی ہر 125 میٹر کے بعد لگی ہوتی ہیں۔




DUSUP کی طرف سے خبردار کرنے والا نشان




DUSUP کی طرف سے لگائی گئی پائپ لائن کی نشانیاں

# DUSUP کی طرف سے لگائے جانے والے نشانات














# EPPCO اور EMDAD کے
# تنبیہی نشانات




EPPCO کے بَرم پر
لگائے جانے والے اور
تنبیہی نشانات




EMDAD کے بَرم پر
لگائے جانے والے اور
تنبیہی نشانات

# ڈولفن انرجی کے
# تنبیہی نشانات






# پائپ لائن کا بَرم

**ضروری:**

**زیر زمین پائپ لائن کے لیے پائپ لائن کی بَرم ہی حفاظت کا اصل ذریعہ ہیں؛ لیکن پائپ لائنز کو بَرم کے ابھرے ہوئے حصے کے اندر ہونا چاہیے**

**پائپ لائن کے بَرم کے قریب کام کرتے وقت DUSUP سے رابطہ کریں**



# اوپن کٹ کے ذریعے کسی پائپ لائن(لائنز) کے آر پار جانے والی زیر زمین کیبل، پانی اور ہائیڈروکاربن کی پائپ لائن

کیبل، پانی اور دیگر یوٹیلیٹیز کو پائپ لائن کے نیچے سے گزارنا چاہیے اور پہلے سے موجود ہائیڈروکاربن کی پائپ لائن کی نچلی سطح اور آر پار جانے والی مجوزہ یوٹیلیٹیز کی اوپر کی سطح کے درمیان عمودی فاصلہ کم از کم ایک میٹر ہونا چاہیے

پہلے سے موجود پائپ لائن اور مجوزہ یوٹیلیٹی کے درمیان کنکریٹ کی منظور شدہ سلیب ہونی چاہیے۔

یہ عمودی فاصلہ پائپ لائن کاریڈور کی مکمل چوڑائی میں برقرار رہنا چاہیے۔




# ٹرینچ لیس طریقے (با استثنئ ایچ ڈی ڈی) کے ذریعے کسی پائپ لائن(لائنز) کے آر پار جانے والی زیر زمین کیبل، پانی اور ہائیڈروکاربن کی پائپ لائن:

اگر سلیو/یوٹیلیٹی کا سائز ایک میٹر (قطر) سے کم ہو: ضروری ہے عمودی فاصلہ کم از کم 2,0 میٹر۔

اگر سلیو/یوٹیلیٹی کا سائز ایک میٹر (قطر) سے زیادہ ہو: ضروری ہے عمودی فاصلہ سلیو/یوٹیلیٹی کے سائز سے کم از کم 2,0 گنا۔

افقی طریقے سے ڈرلنگ کرنے یا ہوریزینٹل ڈائرکشنل ڈرلنگ (ایچ ڈی ڈی) کے طریقے سے آر پار جانے کے لیے علیحدہ سے شرائط ہیں۔





آرپار جاتے ہوئے پائپ لائن کے راستے کی تمام چوڑائی میں کم از کم عمودی فاصلہ برقرار رکھنا ضروری ہے۔

# ہوریزانٹل ڈائرکشنل ڈرلنگ (ایچ ڈی ڈی) کے طریقے کے ذریعے کسی پائپ لائن(لائنز) کے آر پار جانے والی زیر زمین کیبل، پانی اور ہائیڈروکاربن کی پائپ لائن:


**ہوریزانٹل ڈائرکشنل ڈرلنگ (ایچ ڈی ڈی) کے طریقے سے آر پار جانے کے لیے شرائط:**

**پہلے سے موجودہ پائپ لائن (لائنز) پائلٹ ڈرل اور ریمر دونوں کے گزرنے کے دوران نظر آنا چاہیے (آبزرویشن پِٹ)۔**

**متبادل طریقے کے مطابق؛ کنٹریکٹر منظور شدہ وائرلائن ٹریکنگ سسٹم استعمال کر سکتا ہے جس میں پہلے سے موجود پائپ لائن اور آر پار جانے والی مجوزہ چیز کے درمیان عمودی فاصلہ کم از کم 5.0 میٹر ہونا چاہیے۔**



# پائپ لائن (لائنز) کے آر پار جانے والی سڑکیں



Typical Road Crossing Over Existing Pipeline

جب کوئی سڑک کسی پائپ لائن کے آر پار جا رہی ہو تو پائپ لائن کی حفاظت DUSUP کے منظور شدہ حفاظتی ڈیزائن کے مطابق کرنا ضروری ہے۔ پائپ لائن کی حفاظت کو روڈ شولڈر کے کنارے (یا پشتے کے سرے سے جو بھی زیادہ ہو) سے مندرجہ ذیل حد تک آگے تک ہونا چاہیے:

- راؤنڈ اباؤٹس (گول چکروں)، سطح زمین سے بلند سڑکوں، اور پلوں پر - 20 میٹر.
- سڑک کے سیدھے حصوں پر - 10 میٹر.


سڑک کے کنارے سے لے کر 10 میٹر کے متوازی فاصلے کے اندر اندر موجود پائپ لائنز کو DUSUP کے منظور شدہ حفاظتی سلیبز کے ذریعے حفاظت فراہم کی جانی چاہیے۔
چوراہے تک آنے والی سڑک پر 20 میٹر تک اور نکلنے والی سڑک پر 8 میٹر تک سڑک پر ہونے والے حادثے سے حفاظت (روڈ سائیڈ کریش پروٹیکشن) فراہم کی جانی چاہیے۔

# کھدائی کرنے کے لیے احتیاط


1.2 میٹر سے گہری کھدائی کے لیے سہارے (شورنگ)، ڈھلان (سلوپنگ) یا سیڑھیاں بنانے (بینچنگ) کا طریقہ اپنانا چاہیے۔




ٹائپ اے: مٹی، سلٹی مٹی،
یا سینڈی مٹی
ٹائپ بی: گاد، ریتلی چکنی مٹی (لوم)،
درمیانی مٹی اور غیر مسحکم
پتھریلی زمین
ٹائپ سی: دانے دار جیسا کہ بجری، ریت اور
چکنی مٹی والی ریت
(سب سے زیادہ غیر مستحکم زمین)




اگر یہ فیصلہ ہو کہ زمین کی درجہ بندی نہیں ہو سکتی تو تب: زمین کو ٹائپ "سی" گردانا جائے گا اور کھدائی میں افقی اور عمودی کی نسبت 1½ اور 1 (34 درجے) کی ہونی چاہیے۔




نوٹ: مٹی کی درجہ بندی اور ڈھلان OSHA کی سفارشات کے مطابق ہے۔

# ترقیاتی کام



عارضی کارکنان کے کیمپ پائپ لائن سے جس حد تک ممکن ہو دور ہونا چاہییں (کم سے کم مجوزہ فاصلہ 135 میٹر اور ترجیحی طور 305 میٹرز کا فاصلہ)۔

کوئی بھی منصوبہ جیسا کہ کثیرالمنزلہ عمارت یا ایسی جگہیں جہاں زیادہ لوگ جمع ہوتے ہوں جیسا کہ سکول، مساجد اور ہسپتال 370 میٹر کے فاصلے کے اندر۔ DUSUP کی طرف سے خطرے کا مقداری جائزہ (کیو آر اے)۔ ڈویلپر کو مجوزہ منصوبے کے قریب ہائیڈروکاربن کی اس وقت موجود اور مستقبل میں متوقع پائپ لائنز کے اثر کو جاننے کے لیے خطرے کا تخمینہ لگانے کو کہا جائے۔

# این او سی والی کاموں کے لیے
# DUSUP کے رابطے

پائپ لائن کے قریب کسی کام کے لیے DUSUP کو کم از کم چار 4 کاروباری دن قبل مطلع کرنا ہو گا۔

## نمبرز برائے رابطہ:

پرائمری:

ٹیلیفون: 050 - 640 6096
فیکس: 04 - 880 3460
ای میل: work.noc@dusup.ae

متبادل:

ٹیلیفون: 056 - 536 2650
فیکس: 04 - 880 3460

## فوری رابطہ:

ٹیلیفون: 04 - 880 1867
فیکس: 04 - 880 1808

**(DUSUP گیس کنٹرول سٹیشن (24 گھنٹے))**

# ہم آپ کی رائے کی قدر کرتے ہیں

**اگر آپ کو پائپ لائن کے کاریڈور یا اس کی عمارتوں میں کوئی غیر معمولی سرگرمی نظر آئے جن میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتے ہیں تو ہم سے رابطہ کریں:**

- **فیسیلیٹیز تک غیر قانونی رسائی یا مشتبہ سرگرمیاں**
- **کاریڈور والے حصے میں زمین کا دھنسنا، کٹاؤ یا ٹوٹنا**
- **کاریڈور کے ساتھ ساتھ کھدائی**
- **تنبیہی نشانات کا گرنا یا ان کو نقصان پہنچنا**

**DUSUP کا رابطہ:**

**DUSUP گیس کنٹرول سٹیشن (24 گھنٹے)**

**ٹیلیفون: 1867 880 - 04** **فیکس: 1808 880 - 04**

**یاد رکھیں: پائپ لائن کی سلامتی کا تعلق ہر ایک سے ہے**

# یـــــــادرہـــــــے

کوئی کام اتنا اہم نہیں اور کوئی سروس اتنی فوری ضرورت والی نہیں ہوتی کہ ہم اپنے کام کو بحفاظت کرنے کے لیے وقت نہ نکال سکیں۔

احتیاط کا مطلب ایسے خطروں سے نجات ہے جو نقصان دہ ہو سکتے ہیں۔



# ذرا سوچیے

**احتیاط ہر ایک کی ذمہ داری ہے۔**